بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اللہ

# کے اسماءِ حسنٰی (مع قواعد وفوائد)

## 99 Beautiful Names of Allaah

بزبانِ عربی، انگلش، رومن اور اردو مع حوالہ جات


Compiled by

**SHAIKH ARSHAD BASHEER MADANI**

Graduated in the field of Hadees-e-Shareef (Taqassus-Fil-Hadees)
from the Islamic University in Madinah, KSA
MBA (USA), Pursuing Ph.D (Doctorate in Business Administration)-
from University of Switzerland in Europe.
Founder & Director - AskIslamPedia.com &
MD of EPC - UAE based Software Company



ABM Printime Publisher
www.AskIslamPedia.com

| حوالہ جات | English | Roman | ترجمہ | اسماء حسنیٰ | شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 55:1 | The Entirely Merciful | Ar-Rahmaanu | بڑا مہربان | الرَّحْمٰنُ | 1 |
| 41:2 | The Especially Merciful | Ar-Raheemu | نہایت رحم کرنے والا | الرَّحِيْمُ | 2 |
| 59:23 | The King | Al-Maliku | بادشاہ | المَلِكُ | 3 |
| 59:23 | The sacred/ The absolutely pure | Al-Quddoosu | نہایت پاک | القُدُّوْسُ | 4 |
| 59:23 | The one free from all defects/ The Giver of peace | As-Salaamu | سلامتی دینے والا / عیبوں سے پاک | السَّلَامُ | 5 |
| 59:23 | The Giver of security/ The Guardian | Al-Mu'minu | امن دینے والا | المُؤْمِنُ | 6 |
| 59:23 | The Watcher over his creatures/ The Guardian of faith | Al-Muhaiminu | نگہبان/غالب | المُهَيْمِنُ | 7 |
| 59:23 | The All-Mighty | Al-Azeezu | غالب | العَزِيْزُ | 8 |
| 59:23 | The Compeller | Al-Jabbaaru | زور آور/زبردست | الجَبَّارُ | 9 |
| 59:23 | The Supreme/ The Proud | Al-Mutakabbiru | بڑائی والا | المُتَكَبِّرُ | 10 |
| 59:24 | The Creator | Al-Khaliqu | پیدا کرنے والا | الخَالِقُ | 11 |
| 59:24 | The Evolver/ The Inventor of all things | Al-Baari'au | وجود بخشنے والا | البَارِئُ | 12 |
| 59:24 | The Fashioner/ the bestower of forms | Al-Musawwiru | صورت بنانے والا | المُصَوِّرُ | 13 |
| 57:3 | The First | Al-Awwalu | اول | الأَوَّلُ | 14 |
| 57:3 | The Last | Al-Aakhiru | آخر | الآخِرُ | 15 |
| 57:3 | The Evident/ The most High (Nothing is above him) | Az-Zaahiru | سب سے اونچا جس پر کوئی نہیں | الظَّاهِرُ | 16 |
| 57:3 | The most Near (nothing is nearer than Him by His knowledge) | Al-Baatinu | باطن | البَاطِنُ | 17 |
| 42:11 | The All-Hearer | As-Samee'au | سننے والا | السَّمِيْعُ | 18 |
| 42:11 | The All-Seer | Al-Baseeru | دیکھنے والا | البَصِيْرُ | 19 |
| 8:40 | The Protector | Al-Maula | مالک اور مددگار | المَوْلٰى | 20 |
| 8:40 | The Excellent Helper | An-Naseeru | بہت مدد کرنے والا | النَّصِيْرُ | 21 |
| 4:149 | Ever oft-Pardoning | Al-Afuwwu | درگزر کرنے والا/معاف کرنے والا | العَفُوُّ | 22 |
| 4:149 | The All Powerful (Able to do all things) | Al-Qadeeru | قدرت والا | القَدِيْرُ | 23 |
| 67:14 | The most kind and courteous | Al-Lateefu | باریک بین/لطف و کرم والا | اللَّطِيْفُ | 24 |
| 67:14 | The well acquainted | Al-Khabeeru | بڑا باخبر | الخَبِيْرُ | 25 |

ABM Printtime Publisher www.AskIslamPedia.com

| حوالہ جات | English | Roman | ترجمہ | اسماء حسنیٰ | شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| بخاری: 6410 | Allah is Al-Witr(one) | Al-Witru | اکیلا | الوِتْرُ | 26 |
| مسلم: 91 | The Graceful/ The most beautiful | Al-Jameelu | حسن والا | الْجَمِيْلُ | 27 |
| ابو داؤد: 4012 | The one characterized by modesty | Al-Hayiyyu | باحیا | الْحَيِيُّ | 28 |
| ابو داؤد: 4012 | The one characterized by concealment | As-Sitteeru | پردہ ڈالنے والا | السِّتِّيْرُ | 29 |
| 13:9 | The most great | Al-Kabeeru | کبریائی والا | الْكَبِيْرُ | 30 |
| 13:9 | The transcendent/ the most High | Al-Muta'aalu | بلند | الْمُتَعَالُ | 31 |
| 13:16 | The one | Al-Waahidu | ایک | الْوَاحِدُ | 32 |
| 13:16 | The subduer | Al-Qahhaaru | غلبہ والا | الْقَهَّارُ | 33 |
| 24:25 | The truth | Al-Haqqu | حق | الْحَقُّ | 34 |
| 24:25 | The manifest truth | Al-Mubeenu | واضح کرنے والا | الْمُبِيْنُ | 35 |
| 11:66 | The all powerful | Al-Qawiyyu | طاقتور | الْقَوِيُّ | 36 |
| 51:58 | The puissant/ The most strong | Al-Mateenu | زور آور | الْمَتِيْنُ | 37 |
| 20:111 | The ever living on | Al-Hayyu | زندہ | الْحَيُّ | 38 |
| 20:111 | The dominating/ The sustainer | Al-Qayyoomu | جو خود قائم ہے اور دوسروں کو قائم رکھا ہوا ہے | الْقَيُّوْمُ | 39 |
| 42:4 | The most high/ The sublime | Al-Aliyyu | بلند | الْعَلِيُّ | 40 |
| 42:4 | The most great | Al-Azeemu | عظمت والا | الْعَظِيْمُ | 41 |
| 35:30 | The most appreciative | Ash-Shakooru | قدردان | الشَّكُوْرُ | 42 |
| 2:225 | The most forbearing | Al-Haleemu | بردبار | الْحَلِيْمُ | 43 |
| 2:115 | The all-sufficient/ the vast | Al-Waasi'au | کشادہ | الْوَاسِعُ | 44 |
| 2:115 | The all-knower | Al-Aleemu | باخبر | الْعَلِيْمُ | 45 |
| 2:37 | The one who accepts repentance | At-Tawwaabu | بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا | التَّوَّابُ | 46 |
| 2:129 | The all-wise | Al-Hakeemu | نہایت حکمت والا | الْحَكِيْمُ | 47 |
| 6:133 | The rich one (free of all wants) | Al-Ghaniyyu | بے نیاز | الْغَنِيُّ | 48 |
| 82:6 | The most generous | Al-Kareemu | کرم کرنے والا | الْكَرِيْمُ | 49 |
| 112:1 | The one | Al-Ahadu | یکتا | الْأَحَدُ | 50 |

ABM Printtime Publisher
www.AskIslamPedia.com

| حوالہ جات | English | Roman | ترجمہ | اسماء حسنیٰ | شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 112:2 | The self-sufficient/ The absolute | As-Samadu | بے نیاز | الصَّمَدُ | 51 |
| 11:61 | The close/ The one near to all by his knowledge | Al-Qareebu | قریب | القَرِيْبُ | 52 |
| 11:61 | The responder/ The answerer | Al-Mujeebu | قبول کرنے والا/جواب دینے والا | المُجِيْبُ | 53 |
| 85:14 | The oft-forgiving/ The remitter | Al-Ghafooru | بخشنے والا | الغَفُوْرُ | 54 |
| 85:14 | The affectionate | Al-Wadoodu | محبت کرنے والا | الوَدُوْدُ | 55 |
| 42:28 | The helper. The supporter, The lord | Al-Waliyyu | قریب/مددگار | الوَلِيُّ | 56 |
| 42:28 | The one worthy of all praise | Al-Hameedu | تعریفوں والا | الحَمِيْدُ | 57 |
| 34:21 | The maintainer/ The guardian | Al-Hafeezu | حفاظت کرنے والا | الحَفِيْظُ | 58 |
| 11:73 | The glorious | Al-Majeedu | بڑی شان والا | المَجِيْدُ | 59 |
| 34:26 | The revealer/ The judge/ The opener | Al-Fattaahu | بند کھولنے والا/بگڑی بنانے والا | الفَتَّاحُ | 60 |
| 34:47 | The witness | Ash-Shaheedu | گواہ | الشَّهِيْدُ | 61 |
| بخاری: 1120 | The bringer-forward | Al-Muqaddimu | آگے کرنے والا | المُقَدِّمُ | 62 |
| بخاری: 1120 | The delayer | Al-Mu'akh'khiru | پیچھے کرنے والا | المُؤَخِّرُ | 63 |
| 54:55 | The king | Al-Maleeku | بادشاہ | المَلِيْكُ | 64 |
| 54:55 | The omnipotent | Al-Muqtadiru | اقتدار والا | المُقْتَدِرُ | 65 |
| ابو داؤد: 3451 | The one who raises, increases & decreases through his will | Al-Musa'iru | قیمتوں کو طے کرنے والا | المُسَعِّرُ | 66 |
| ابو داؤد: 3451 | The one who withholds/ The taker of souls & provision | Al-Qaabizu | تنگی سے رزق دینے والا | القَابِضُ | 67 |
| ابو داؤد: 3451 | The one who gives lavishly/ The munificent | Al-Baasitu | کشادگی عطا کرنے والا | البَاسِطُ | 68 |
| ابو داؤد: 3451 | The sustainer/ The best of sustainers | Ar-Raaziqu | رزق دینے والا | الرَّازِقُ | 69 |
| 6:18 | The irresistible | Al-Qaahiru | غالب/زبردست | القَاهِرُ | 70 |
| رواہ البخاری معلّقا قبل حدیث:7481 | The one who judges people for their deeds after calling them to account | Ad-Dayyaanu | بدلہ دینے والا | الدَّيَّانُ | 71 |
| 2:158 | The recognizer and rewarder of good | Ash-Shaakiru | قدردان | الشَّاكِرُ | 72 |
| ابو داؤد: 1495 | The bestower of favours | Al-Mannaanu | بندہ نواز/نوازنے والا | المَنَّانُ | 73 |
| 6:65 | The potent/ The powerful | Al-Qaadiru | قدرت رکھنے والا | القَادِرُ | 74 |
| 36:81 | The supreme creator | Al-Khallaaqu | پیدا کرنے والا | الخَلَّاقُ | 75 |

ABM Printtime Publisher
www.AskIslamPedia.com

| حوالہ جات | English | Roman | ترجمہ | اسماء حسنیٰ | شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 3:26 | The master & owner of the dominion | Al-Maaliku | مالک | المَالِكُ | 76 |
| 51:58 | The all-provider | Ar-Razzaaqu | رزق دینے والا/داتا | الرَّزَّاقُ | 77 |
| 3:173 | The best disposer of affairs | Al-Wakeelu | کارساز | الوَكِيلُ | 78 |
| 5:117 | The all-watcher/ The vigilant | Ar-Raqeebu | نگہبان | الرَّقِيبُ | 79 |
| صحیح الجامع: 1824 | Beneficient | Al-Muhsinu | احسان کرنے والا | المُحْسِنُ | 80 |
| 4:86 | The careful account taker of all things/ The sufficer | Al-Haseebu | نگران / حساب لینے والا/کافی | الحَسِيبُ | 81 |
| بخاری: 5675 | The healer | Ash-Shaafi | شفاء دینے والا | الشَّافِي | 82 |
| مسلم: 2593 | The all-kind | Ar-Rafeequ | نرمی کرنے والا | الرَّفِيقُ | 83 |
| بخاری: 3116 | The giver | Al-Mu'tee | عطا کرنے والا/داتا | المُعْطِي | 84 |
| 4:85 | The most able/ The powerful/ The sustainer | Al-Muqeetu | سب کو غذا دینے والا | المُقِيتُ | 85 |
| ابو داؤد: 4806 | The master | As-Sayyidu | سردار | السَّيِّدُ | 86 |
| مسلم: 1015 | The pure | At-Tayyibu | پاک | الطَّيِّبُ | 87 |
| ابو داؤد: 4955 | The judge | Al-Hakamu | فیصلہ کرنے والا | الحَكَمُ | 88 |
| 96:3 | The most generous | Al-Akramu | خوب عطا کرنے والا/معزز | الأَكْرَمُ | 89 |
| 52:28 | The most subtle, kind, courteous & generous | Al-Barru | خوب رحم و کرم والا/بڑا محسن | البَرُّ | 90 |
| 38:66 | The oft-forgiving | Al-Ghaffaaru | بڑا بخشنے والا | الغَفَّارُ | 91 |
| 24:20 | The one who is full of kindness | Ar-Raoofu | شفقت ورحم کرنے والا | الرَّءُوفُ | 92 |
| 3:8 | The bestower | Al-Wahhaabu | بڑا عطا کرنے والا/داتا | الوَهَّابُ | 93 |
| صحیح الجامع: 1744 | The bestower of good | Al-Jawaadu | خوب دینے والا | الجَوَادُ | 94 |
| مسلم: 487 | The perfect | As-Subboohu | بے عیب | السُّبُّوحُ | 95 |
| 15:23 | The inheritor | Al-Waarisu | حقیقی مالک | الوَارِثُ | 96 |
| 36:58 | The lord | Ar-Rabbu | پالنہار/رب/پروردگار | الرَّبُّ | 97 |
| 87:1 | The most high/ The highest | Al-Aa'laa | بلند | الأَعْلَى | 98 |
| 2:163 | The God | Al-Ilaahu | حقیقی معبود | الإِلَهُ | 99 |

یہ ننانوے اسماءِ حسنیٰ کی فہرست شیخ دکتور محمود عبدالرزاق الرضوانی اور شیخ دکتور محمد بن خلیفہ التمیمی اثابھما اللہ کی کتاب سے ماخوذ ہے۔

ABM Printtime Publisher
www.AskIslamPedia.com

# بنیادی معلومات برائے معلمین و سرپرست

## اللہ کے اسماءِ حسنیٰ کے دلائل، فضائل، اہمیت اور تقاضے

♦ وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ -(7:180)

ترجمہ: اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں سو ان ناموں سے اللہ ہی کو موسوم کیا کرو اور ایسے لوگوں سے تعلق بھی نہ رکھو جو اس کے ناموں میں کج روی کرتے ہیں، ان لوگوں کو ان کے کیے کی ضرور سزا ملے گی۔

♦ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، سو سے ایک کم، جس نے انہیں سیکھا اور انہیں یاد کیا اور ان پر عمل کیا وہ جنت میں جائے گا۔ (صحیح بخاری:2376، صحیح مسلم: 7762)

♦ علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیث میں لفظ 'احصاء' استعمال ہوا ہے اس کے مندرجہ ذیل معانی ہیں:
1) ان کو حفظ کرنا 2) ان کے معانی کو جاننا 3) ان اسماء کا جو تقاضا ہے اس پر عمل کرنا

جب اس بات کا علم ہو کہ اللہ تعالیٰ الاحد ہے تو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے اور جب یہ علم ہو کہ اللہ تعالیٰ الرزاق ہے تو اس کے علاوہ کسی سے بھی روزی طلب نہ کی جائے اور جب اس کا علم ہو کہ اللہ تعالیٰ الرحیم ہے تو اس کی رحمت سے ناامید نہیں ہونا چاہیے اور اسی طرح دوسرے اسماء کے بارے میں۔

4) اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا چاہیے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: (اور اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام ہیں اسے اسی ناموں کے ساتھ پکارو) اور وہ اس طرح کہ یہ کہا جائے اے رحمٰن! تو رحم کرنے والا ہے میرے حال پر رحم کر، اور اے غفور! تو بخشنے والا ہے میرے گناہ بخش دے، اور اے تواب! تو توبہ قبول کرنے والا ہے میری توبہ قبول فرما، اور اسی طرح دوسرے اسماء کے ساتھ بھی۔

## اسماءِ حسنیٰ کے اصول، قواعد اور آداب

ابن ابی زید القیروانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وله الاسماء الحسنى والصفات العلى" اور اسی (اللہ) کے لیے اسماءِ حسنیٰ اور عالی صفات ہیں۔(مقدمہ ابن ابی زید القیروانی مع الشرح: قطف الجنی الدانی:ص82)

اس کی شرح میں شیخ عبد المحسن العباد المدنی فرماتے ہیں:

♦ اللہ کے نام اور اس کی صفات علمِ غیب سے ہیں جن کے بارے میں نازل شدہ وحی اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کے بغیر کلام کرنا جائز نہیں ہے۔

♦ اسماء (ناموں) اور صفات میں سے صرف اسی کا اثبات (واقرار) کرنا چاہیے جسے اللہ عزوجل نے اپنے لیے یا اس کے رسول نے اس (اللہ) کے لیے ثابت قرار دیا ہے۔ وہ صفات جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی شان کے لائق ہیں تاویلاتِ باطلہ، کیفیت (کے بارے میں سوال) اور تمثیل (مخلوق سے مثال دینا) کے بغیر، تحریف (بدل دینا) اور تعطیل (معطل قرار دینے سے بچتے ہوئے (اور) ہر نازیبا چیز سے تنزیہ (بری الذمہ اور پاک ہونے) کا عقیدہ رکھتے ہوئے اقرار کرنا چاہیے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ۔ ترجمہ: اس (اللہ) کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ سمیع (سننے والا) اور بصیر (دیکھنے والا) ہے۔ (شوریٰ:11)

♦ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے، اللہ نے انہیں اسماءِ حسنیٰ قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔ ترجمہ: اور اللہ کے اسماءِ حسنیٰ (بہترین نام) ہیں، پس اسے ان (ناموں) کے ساتھ پکارو۔ (الاعراف: 180)

♦ اللہ کے اسماءِ حسنیٰ کا معنی یہ ہے کہ وہ (خوبصورتی میں) حسن کے بلند ترین اور اعلیٰ ترین مقام پر پہنچے ہوئے ہیں۔ انہیں صرف اچھے نام ہی نہیں کہا جاتا بلکہ اسماءِ حسنیٰ کہا جاتا ہے۔

♦ اللہ کے سارے نام مشتق (الفاظ و کلام سے نکالے گئے) ہیں جو کہ معانی پر دلالت کرتے ہیں اور اسی سے (اس کی) صفات ہیں۔ مثلاً: عزیز عزت پر، حکیم حکمت پر، کریم کرم پر، عظیم عظمت پر، لطیف لطف پر اور الرحمن الرحیم رحمت

پر دلالت کرتے ہیں، اور یہی مفہوم دوسرے ناموں میں بھی ہے۔

♦ اللہ کے ناموں میں کوئی اسم جامد نہیں۔ بعض علماء نے جو اللہ کے ناموں میں "الدهر" شمار کیا ہے تو یہ صحیح نہیں ہے۔

♦ اللہ تبارک و تعالیٰ کے نام کسی (خاص) تعداد میں محصور نہیں ہیں بلکہ ان میں سے بعض نام ایسے ہیں جو اللہ عزوجل نے لوگوں کو بتائے ہیں اور بعض کو اپنے علم غیب میں رکھا ہے۔ (مسند احمد/391 ح 3712) ابن حجر نے اسے حسن اور شیخ البانی نے السلسلہ الصحیحہ (198،199) میں صحیح کہا ہے۔

ABM Printtime Publisher
www.AskIslamPedia.com

رہی وہ حدیث جسے بخاری (2736،2410،7392) اور مسلم (2677) نے ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ننانوے (یعنی) ایک کم سو نام ہیں، جس نے انہیں یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ یہ حدیث اس تعداد (ننانوے) میں، اللہ کے ناموں کو منحصر کرنے کی دلیل نہیں ہے بلکہ یہ تو اس پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ کے ناموں میں سے ننانوے نام ایسے ہیں جنہیں اگر کوئی یاد کرلے تو جنت میں داخل ہوگا۔ جیسے اگر کوئی کہے کہ میرے پاس سو کتابیں ہیں جنہیں میں طالب علموں کے لیے تیار کیا ہے تو یہ اس کی دلیل نہیں ہے کہ اس کے پاس سو سے زیادہ کتابیں نہیں ہیں۔ (شفاء العلیل۔ ابن القیم، ص:84)

♦ اللہ کے بعض نام ایسے ہیں جو دوسروں پر بھی استعمال کئے جاتے ہیں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (توبہ:128)۔ جن معانی پر یہ نام دلالت کرتے ہیں ان میں خالق مخلوق کے مشابہ نہیں اور نہ مخلوق خالق کے مشابہ ہے۔

♦ بعض ایسے نام ہیں جو صرف اللہ کے بارے میں کہے جاسکتے ہیں کسی دوسرے کے بارے میں یہ نام کہنا جائز نہیں۔ مثلاً: اللہ، الرحمن، الخالق، الباری، الرازق اور الصمد وغیرہ۔

## مشہور اسماءِ حسنی کی فہرست - ایک جائزہ

♦ مشہور اسماء حسنی کی فہرست جو ولید بن مسلم اثابہ اللہ کی روایت سے موجود ہے (ترمذی:3507) وہ سند پانچ بنیادوں پر (یعنی: تفرد، شاذ، مضطرب، مدلس اور مدرج ہونے کی وجہ سے) محدثین کے پاس قابلِ رد ہے۔

(دیکھیے: فتح الباری: تخریج حدیث: 6410، اس حدیث پر کلام کرنے والوں میں بغوی (شرح السنۃ: 5/35)، بیہقی (الاسماء والصفات: ص19)، ابن کثیر (وللہ الاسماء الحسنی۔۔۔ کی تفسیر میں)، ابن حزم (المحلی لابن حزم:11/220)، ابن عثیمین (القواعد المثلی)، ابن القیم (مدارج السالکین:3/307)، ابن تیمیہ (مجموع الفتاوی: 6/379)، البانی (ضعیف الترمذی) رحمھم اللہ شامل ہیں)

♦ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث ذکر کرنے کے بعد لکھا کہ: یہ حدیث غریب ہے۔

♦ امام ابن حزم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایسی کوئی حدیث صحیح نہیں جس میں اللہ کے سارے ناموں کو جمع کیا گیا ہے۔ (المحلی لابن حزم:11/220)

♦ شیخ عبد المحسن العباد، شیخ علوی عبدالقادر السقاف، دکتور محمود عبدالرزاق الرضوانی اور عبداللہ صالح العضن اثابہم اللہ کی تحقیق کے مطابق اس روایت میں اکیس/21 ایسے نام اللہ کی طرف منسوب کیے گئے ہیں جس پر قرآن و صحیح حدیث سے کوئی دلیل نہیں ہے، نہ اسماء مطلقہ میں اور نہ ہی اسماء مقیدہ میں اس کا کوئی ذکر ہے۔
وہ اکیس/21 نام یہ ہیں: (الخافض، المعز، المذل، العدل، الجلیل، الباعث، المحصی، المبدیئ، المعید، الممیت، الواجد، الماجد، الوالی، المقسط، المغنی، المانع، الضار، النافع، الباقی، الرشید، الصبور)۔

♦ شیخ محمد بن خلیفہ التمیمی اور دکتور محمود عبدالرزاق الرضوانی اثابہما اللہ کے مطابق اس روایت میں آٹھ/8 ایسے نام ہیں جن کا تعلق اسماءِ مطلقہ میں سے نہیں ہے بلکہ اسماءِ مقیدہ یا اسماءِ مضافہ میں سے ہیں۔ وہ آٹھ نام یہ ہیں:
(الرافع، المحیی، المنتقم، الجامع، النور، الھادی، البدیع، ذوالجلال والاکرام)۔

نوٹ: معلوم ہوا کہ ولید بن مسلم اثابہ اللہ کی روایت میں 21 ایسے نام اللہ کی طرف منسوب کیے گئے ہیں جس پر قرآن و صحیح حدیث سے کوئی دلیل نہیں ہے، نہ اسماءِ مطلقہ میں اور نہ ہی اسماءِ مقیدہ میں اس کا کوئی ذکر ہے۔ اور 8 ایسے نام ہیں جن کا تعلق اسماءِ مطلقہ میں سے نہیں ہے بلکہ اسماءِ مقیدہ یا اسماء مضافہ میں سے ہیں۔ واللہ اعلم

## وہ اسماء جنہیں علماء کرام نے اسماء حسنیٰ میں شامل فرمایا

♦ شیخ ابن عثیمین اثابہ اللہ کے مطابق: 'العالم، الحافظ، المحیط، الحفی' بھی اسماءِ حسنی میں سے ہیں۔ (دیکھیے: **القواعد المثلی فی صفات اللہ واسمائہ الحسنیٰ**)

♦ شیخ عبد المحسن عباد اثابہ اللہ کے مطابق 'الھادی، الحافظ، الکفیل، الغالب، المحیط' بھی اسماءِ حسنیٰ میں سے ہیں۔ (دیکھیے انہی کی کتاب: قطف الجنی الدانی)

♦ عبداللہ صالح العضن اثابہ اللہ کے مطابق 'العالم، الھادی، المحیط، الحافظ، الحاسب' بھی اسماءِ حسنیٰ میں سے ہیں۔ (دیکھیے انہی کی کتاب: اسماء اللہ الحسنی)

♦ شیخ علوی عبدالقادر السقاف اثابہ اللہ کے مطابق 'الحافظ، المحیط، الھادی' بھی اسماءِ حسنیٰ میں سے ہیں۔ (دیکھیے انہی کی کتاب: صفات اللہ عزوجل الواردۃ فی الکتاب والسنۃ)

♦ شیخ محمد بن خلیفہ التمیمی اور دکتور محمود عبدالرزاق الرضوانی اثابھما اللہ کی تحقیق کے مطابق اسماءِ مذکورہ (العالم، الحافظ، المحیط، الحفی، الھادی، الکفیل، الغالب، الحاسب) اسماءِ مقیدہ یا اسماءِ مضافہ میں سے ہیں نہ کہ اسماءِ مطلقہ میں سے۔ (معتقد اھل السنۃ والجماعۃ فی اسماء اللہ الحسنی - شیخ محمد بن خلیفہ التمیمی، اسماء الحسنی الثابتۃ فی الکتاب والسنۃ - دکتور محمود عبدالرزاق الرضوانی)

ABM Printline Publisher
www.AskIslamPedia.com

## اسماء و صفات کے معنوں میں تدبر اور غور کرنے کے فائدے

1. اللہ کا چہرہ قیامت کے دن دیکھنے کا شوق پیدا ہوتا ہے اور ایمان و عمل، دعوت، اصلاح اور صبر پر قائم رہنے کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔
2. دعوتی میدان میں غیر مسلم حضرات کو اللہ کا تعارف پیش کرنے میں مدد ملتی ہے۔
3. مسلم اور غیر مسلم کے اندر اللہ کی عظمت کا احساس اور شعور پیدا ہوتا ہے۔
4. ایمان کی زیادتی اور تروتازگی نصیب ہوتی ہے۔
5. اللہ سے تعلق مضبوط ہوتا ہے۔
6. ظاہری اور باطنی طور پر اللہ کا خوف و خشیت پیدا ہونے کا ذریعہ ہے۔
7. اسماء و صفات کا صحیح علم شعور کے ساتھ عقائد، عبادات اور معاملات کے سدھار کے لیے مدد کرتا ہے۔
8. آزمائشوں میں ثابت قدمی اور ظلم سے اپنے آپ کو بچانے کا احساس پیدا ہوتا ہے۔
9. اللہ کی محبت پیدا ہوتی ہے، خوف و امید، توکل اور دیگر خصائلِ حمیدہ اور اعمالِ صالحہ پیدا ہوتے ہیں۔
10. اللہ کی نافرمانی کرنے میں حیا آتی ہے اور اللہ کے احکام پر عمل، اس کے نفاذ کا جذبہ اور ادب پیدا ہوتا ہے۔
11. اپنے عیبوں کی اصلاح پر نظر ہوتی ہے۔


Introduction of

## SHAIKH ARSHAD BASHEER MADANI

*(Founder & Director – AskIslamPedia.com)*

- Hafiz from Hyderabad. Alim & Fazil from University of Dar-us-Salaam, Oomerabad, Tamil Nadu, India.
- Graduated in the field of Hadees-e-Shareef (Taqassus-Fil-Hadees) from the Islamic University in Madinah Tayyibah and Fiqh studies from Masjid-e-Nabwi, Kingdom of Saudi Arabia.
- First Indian Alim of the Islamic University of Madinah to receive Master's Degree in contemporary Education in English Language i.e. MBA & M Phil. from ICBM College, Affiliated to Kensington University, California, USA.
- Masha'Allaah pursuing Ph.D (Doctorate in Business Administration) from the University of Switzerland.
- Has Ejaza for Qur'an and Kutub-e-Sittah (Six Books of Sunnah).
- Managing Director EPC - Software Consultancy Company in Dubai, UAE.
- International Orator on Islamic subjects with comparative religion and a popular media personality experienced in handling live question and answer sessions on various TV and Radio channels.
- Advisor of 8 Islamic International Islamic Schools and Online Islamic University.
- Conducts various short term training programs, Dawah Educational programs, science of hadith etc. ranging from 3 hour modules to 21 days, aimed at building strong Islamic foundation among the participants.
- Founder & Director – AskIslamPedia.com, The only online Islamic Encyclopedia in 50 languages providing authentic information, networking about 40,000 Ulamaa-e-Kiraam and Professionals across the world (in near future) in-sha-Allah.

www.AskIslamPedia.com | www.AskMadani.com | www.Arshadmadani.net | www.LearnwithMadani.com

## OFFERED COURSES

* 1 Day – Application of Qawaid e Fiqhiyyah on Medical, Economic, Contemporary issues etc.
* 3 Hrs – Various Islamic Modules Strengthening Basic Islamic Knowledge
* 1 Day – Various Ilmy Topics (Uloom-ul-Qur'an, Uloom-ul-Aqeedah) etc.
* 3 or 7 or 15 Days – English/Urdu/Arabic Da'wah Training Program
* 7 & 15 Days – Islamic Kids Camp for Children in Urdu & English
* 1 Day – Islamic & Contemporary Economics (Islamic Banking)
* 21 Days – Authentic & Unauthentic Ahadees Segregation
* 1 Day – Islamic Management Skills in the light of Seerah
* 1 Day – Islamic History (Lessons), Islamic Healing
* 7 Days – Residential Quranic Arabic Grammar
* 1 Day – Enjoy Your Life with Islamic Thinking

Contact details
contact@askmadani.com
mansoor@askislampedia.com

***Islamic Courses For Women***
Please contact
**daughtersofislam@gmail.com,**
**fb.com/nasreenbintehassan**

Contact Details: UK : +44(0)7903993914 - India : +91 (0) 93909 93901